آداب ۔یہ آکاش وانی سرینگرہے۔ خبروں کا بلیٹن لیکر مینتجمل احمد۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

*...وزیر داخلہ نے جموں ڈویژن میں شدید بارشوں کے بعد پیداشدہ صورتحال سے نمٹنے کیلئے مرکز کی طرف سے ہرممکن تعاون کا دلایا یقین۔

*...لیفٹنٹ گورنر نے شری امرناتھ جی یاترا کے شردھالوؤں کیلئے ہرطرح کی سہولیات دستیاب کرانے کا دہرایا عزم۔

*...جموں کشمیر سرکار تعلیم کے شعبے کو مزید مضبوط بنانے کیلئے پُرعزم// ایس کے آئی سی سی سرینگر میں تعلیمی کنکلیو2026سے وزیر اعلیٰ کا خطاب۔

اور

*...وزیر اعظم کا دورئہ انڈونیشیا مکمل// آسٹریلیا کیلئے روانہ ۔

امت شاہ:

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے جموں کشمیر کے کئی حصوں میں شدید بارشوں اور طغیانی آنے کے بعد پیداشدہ صورتحال کا جائزلیا ہے۔ انہوں نے اس سلسلے میں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ سے ٹیلی فون پر بات چیت کر کے انہیں مرکز کی طرف سے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا ہے۔

اس بارمیں وزیراعلیٰ نے کہا

واضح رہے کہ موسلادھار بارشوں کے نتیجے میں جموں کے بعض حصوں میں معمول کی زندگی متاثر ہوئی تھی اور عوامی سلامتی کو یقینی بنانے کے لئے متعلقہ حکام مصروف عمل ہے‌ں۔

یاترا:

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا خوش اسلوبی سے جاری ہے اور اب تک ایک لاکھ 30ہزار سے زائد یاتریوں نے پوتر گپھا میں شیو لنگم کے درشن کئے۔

آج دوپہر 2بجے تک 18ہزار 764یاتریوں نے گپھا میں حاضری دی۔

بیشتر یاتری گپھا میں حاضری دینے کے بعد واپس اپنے اپنے گھروں کو لوٹ گئے ہیں۔یاتری وادی کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ یہاں کی مہمان نوازی سے بھی کافی مطمئن ہیں۔

یاترا کے احسن انعقاد کیلئے مختلف محکموں اور ایجنسیوں نے ہر طرح کے انتظامات کئے ہیں اور اس بات کو یقینی بنایاجارہاہے کہ یاترا کے شردھالوؤں کو کسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

ایل جی مضمون:

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ شری امرناتھ جی یاترا محض ایک یاترا نہیں بلکہ ایک روحانی ریاض بھی ہے۔

قومی روزنامہ دینک جاگرن کے آج کے شمارے میں شایع اپنے ایک مضمون میں انہوں نے کہا کہ یہ یاترا ہندوستان کے روحانی شعور، ثقافتی ورثے اور انسانی اقدار کی زندہ علامت ہے۔ ایل جی نے یہ مضمون سوشل میڈیا پربھی شیئر کیا ہے۔

ایل جی یاترا:

اسی دوران لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ امرناتھ جی یاترا پر آئے شردھالوو

---

ں کے تحفظ اور سہولیات کا خاص خیال رکھنا انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ وہ یاترا کا ۂ جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی صدارت کررہے تھے۔

منوج سنہا نے افسران کو ہدایت دی کہ یاترا پر روانہ ہونے سے پہلے ہر یاتری کی رجسٹریشن کو یقینی بنایا جانا چاہئے۔انہوں نے یاتریوں سے اپیل کی کہ وہ مقامی مہمان نوازی اور جموں وکشمیر کی روایتی فنون ودستکاری کی خوبیوں کا تجربہ کریں۔

لیفٹیننٹ گورنر نے لوک بھون میں یاترا سے متعلق قائم کنٹرول روم کا بھی جائزہ لیا۔

قافلہ:

دریں اثناءجموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج 9ہزار837شردھالوو

---

ں پر مشتمل ایک اور قافلہ وادی پہنچ گیا۔قافلے میں6ہزار 684مرد اور 2ہزار730خواتین کے علاوہ ۂ کئی بچے اور سادھو بھی شامل تھے۔

ان میں سے کئی یاتری پہلگام جبکہ دیگر کچھ سونہ مرگ کے راستے، یاترا کرکے شری امرناتھ جی گپھا پر حاضری دیں گے۔

نشہ مُکت ابھیان:

سماجی انصاف وایمپاؤرمنٹ کی مرکزی وزارت نے کہا ہے کہ نشہ مکت بھارت ابھیان 23کروڑ افراد تک پہنچ گیاہے۔ اس کے علاوہ 17لاکھ تعلیمی اداروں کو بھی اس ابھیان کے دائرے میںلایاگیاہے۔

متعلقہ وزارت کے وزیر ڈاکٹر وریندرکمار نے کہا ہے کہ نشہ مکت بھارت ابھیان قومی سطح کی ایک پہل ہے جس کا مقصد نوجوانوں کو صحت مندبنانا اور ان میں نظم وضبط پیدا کرنا ہے۔

انہوں نے کہا کہ NMBA نے نارکوٹیکس بیورو، ریاستی حکومتوں ، پولیس ، این جی اوز اور ہسپتالوں کو متحد کردیا اور یہ سارے ادارے ملک کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے نمایاں کام انجام دے رہے ہیں۔

ایل جی نشہ مُکت:

ادھر جموں وکشمیر میں بھی نشہ مُکت ابھیان کے تعلق سے قصور واروں کے خلاف پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کی کاروائیاں جاری ہیں۔

اس تعلق سے پیش لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا یہ پیغام۔

وقفہ:

یہ خبریں آپ آکاش وانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت DTH اور News on AIRخبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن کرسکتے ہیں۔

وزیر اعلیٰ:

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ سرکار جموں کشمیر میں تعلیمی شعبے کی بنیادوں کو مضبوط سرینگرمیں 'بنیاد سے بلندی تک' نامی ایجوکیشن SKICC بنانے کیلئے پُر عزم ہے۔ وہ آج کنکلیو2026میں شرکت کررہے تھے۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا

کنکلیو کے دوران محکمہ سکولی تعلیم اور اعلیٰ تعلیم میں عملائے جارہے اصلاحاتی اور اہم پالیسی اقدامات کو اجاگر کیاگیا جبکہ کارہائے نمایاں انجام دینے والی طالب علمونکی حوصلہ افزائی کی گئی اور نوکری پانے والی نئے لیکچروں کو تقرری کے آرڈر فراہم کئے گئے۔

اس کنکلیو نے متعلقہ فریقین کو جموں کشمیر میں تعلیمی شعبے کے مستقبل کو ایک نئی شکل دینے کیلئے ایک ہی پلیٹ فارم پر جمع کیا۔

سکینہ ایتو:

کنکلیو میں وزیر تعلیم سکینہ ایتو بھی موجود تھیں۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا۔

فوجی سربراہ:

چیف آف آرمی سٹاف جنرل دھیر سیٹھ نے آج فوج کی چنار کور کے ساتھ ساتھ اس کے دیگر ذیلی فوجی تنصیبات کا دورہ کرکے خطے کی موجودہ سیکورٹی صورتحال اور حد متارکہ کے علاقوں میں جوابی کارروائیوں کی تیاریوں کا برسر موقعہ جائزہ لیا۔

چیف آف آرمی سٹاف کو آپریشنل تیاریوں ،دہشتگردی مخالف کارروائیوں، مختلف ایجنسیوں کے درمیان تال میل اور شری امرناتھ جی یاترا کیلئے کئے گئے سلامتی انتظامات کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی گئی۔

نے اس کے علاوہ صلاحیت سازی اوردیگر کئی فوجی امور کا بھی بغور جائزہ لیا۔ انہوں نے COAS مثالی پیشہ واریت کے ساتھ اپنی خدمات انجام دینے والی فوج کی سبھی رینکوں کی سراہنا کی۔

نائب وزیر اعلیٰ:

نائب وزیراعلیٰ سرینگر چودھری نے کہا ہے کہ جموں کشمیر سرکار عوام کیلئے ایک صاف وشفاف اور جوابدہ انتظامیہ فراہم کرنے کی وعدہ بند ہے۔

وہ آج ادھمپور اور کٹرا کے علاقوں کے دورے پر تھے، جہاں انہوننے ترقیاتی کاموں کا معائینہ کرنے کے علاوہ شمالی کمان کے فوجی ہسپتال میں ایک زخمی فوجی جوان کی عیادت کی۔

نائب وزیراعلیٰ نے دلی ۔امرتسرکٹڑہ ایکسپریس وے پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے علاوہ عوامی رابطہ کاری کے کچھ پروگراموں میں بھی شرکت کی۔

چیف سیکرٹری:

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے آج ٹی بی مکت جموں وکشمیر ابھیان کے تعلق سے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔انہوں نے محکمہ صحت کے افسران پر زور دیا کہ وہ جموں وکشمیر کو تپ دق سے پاک بنانے کی خاطر آپسی تال میل کے ساتھ کا کریں۔

میٹنگ میں ڈائریکٹر سکمز پروفیسر محمد اشرف گنائی ، ناظم صحت اور دیگر اعلیٰ حکام موجود تھے۔

جھڑپ:

شوپیاں ضلع کے چھانہ پورہ علاقے میں سیکورٹی دستوں کے ساتھ ایک جھڑپ میں لشکر طیبہ سے وابستہ ایک ملی ٹینٹ مار اگیاہے۔

یہ کارروائی جموں کشمیر پولیس ،فوج ، اور سی آر پی ایف کے مشترکہ دستوں نے انجام دی۔

میاں الطاف:

ممبر پارلیمنٹ میاں الطاف احمد کی صدارت میں ژولگام کولگام میں ایک تقریب کا انعقاد کیاگیا ،جس دوران پارٹی کے ایک لیڈر غلام نبی ڈار کی برسی کے موقعہ پر انہیں خراج عقیدت اداکیاگیا۔

ڈی سیز:

کولگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر کی صدارت میں آج یاری پورہ میں ایک بلاک دیوس پروگرام کاانعقادکیاگیا، جس دوران علاقے کے لوگوں نے اپنے مسائل کو اجاگر کیا۔

ڈپٹی کمشنر نے کچھ مسائل کو موقعہ پر ہی حل کرنے کی ہدایات دیں۔ انہوننے لوگوں کو یقین دلایا کہ باقی ماندہ مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائےگا۔

ڈی سی بڈگام اطہر عامر خان نے آج ایک میٹنگ کے دوران پردھان متری آواس یوجنا (اربن ) کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت کہ وہ التوا میں پڑے تمام معاملات حل کریں۔

ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی گاندربل کی طرف سے آج ضلعے کے مختلف علاقونمیں منشیات کے مضراثرات سے متعلق بیداری پروگراموں کا انعقادکیاگیا۔

این سی:

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور پارٹی صدر عمر عبداللہ کی موجودگی میں آج پارٹی ہیڈ کوارٹر سرینگر میں ایک تقریب کا انعقاد کیاگیا جس دوران سابق ڈی ڈی سی چیئرپرسن بارہمولہ سفینہ بیگ نے نیشنل کانفرنس میں شمولیت اختیار کی۔

ڈاکٹر عبداللہ نے اس موقعہ پر کہا کہ سفینہ بیگ کی پارٹی میں شمولیت سے پارٹی اور مضبوط ہوگی اور علاقے کے لوگوں کے مسائل حل ہونگے۔ اس موقعہ پر پارٹی کے کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

دریں اثناء نیشنل کانفرنس حلقہ انتخاب گاندربل کی خواتین ونگ کا ایک اجلاس رام پورہ گاندربل میں خواتین ونگ کی صدر شمیمہ فردوس کی صدارت میں منعقد ہوا جس دوران پارٹی امور کا تفصیلی سے جائزہ لیاگیا۔

بی جے پی:

پردیش بی جے پی صدر اور راجیہ سبھا کے ممبرست شرما نے کہاہے کہ بی جے پی پناہ گزینوں کے عزت و وقار اور حقوق کیلئے ہمیشہ کھڑی رہتی ہے۔

سے تعلق رکھنے والے پناہ گزینوں کے ایک وفد سے Deva Batala وہ جموں میں ان سے ملنے آئے بات کررہے تھے ، جنہوں نے زمین کے حقوق اور معاوضے کا مطالبہ رکھا۔

اسی دوران ست شرما نے بی جے پی ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ یکجہتی حاصل کرنے کے بعد اب قوم پرستی کا جذبہ جموں وکشمیر کے ہر گھر تک پہنچنا چاہئے۔

اشوک کول:

دریں اثناءپردیش بی جے پی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکرٹری اشوک کول نے آج پارٹی آفس سرینگر میں منعقدہ ایک پروگرام کے دوران بی جے پی سے تعلق رکھنے والے مرحوم بشیر احمد شیخ، وسیم باری اور عمر سلطان کو خراج عقیدت اداکیا۔

انہوں نے کہا کہ ان تینوں پارٹی لیڈروں کی قربانیاں ہر بی جے پی ورکر کیلئے باعث تحریک ہیں۔

انڈونیشیاPM:

بھارت اور انڈونیشیا نے ہر طرح کی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہوئے ایسے چلینجوں سے بین الاقوامی قوانین کے تحت نمٹنے کیلئے مشترکہ کوششوں پر زور دیا ہے۔

انڈونیشیا کی راجدھانیجکارتا میں دو طرفہ بات چیت کے بعد ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب نے عالمی سطح Prabowo Subianto کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی اور انڈونیشیا کے صدر پر دہشت گرد قرار دی گئی تنظیموں اور افراد کے خلاف فیصلہ کُن کارروائیاں کرنے پر زور دیا۔

مودی مندر:

میں یونیسکو Yogyakarta اسی دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے آج انڈونیشیا کے صدر کے ساتھ مندر کا دورہ کیا جہاں اُن کا روایتی طور استقبال کیا گیا۔Prambanan ورلڈ ہیرٹیج مقام

وزیراعظم نے وہانشیوا مندر میں پرارتھنا کی۔اس موقعے پر وزیر اعظم نے کہا۔

PMدورہ:

انڈونیشیا کا اپنا سرکاری دورہ مکمل کرنے کے بعد وزیر اعظم آج تین ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت آسٹریلیا کے شہرمیلبورن روانہ ہوئے ہیں۔

وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے ایک سوشل میڈیاپوسٹ میں کہا کہ خیر سگالی کے جذبے کے تحت انڈونیشیا کے صدر Prabowo Subianto نے وزیر اعظم نریندر مودی کو ہوائی اڈے پر الودا ع کیا۔

ترجمان نے کہا کہ وزیر اعظم کے دورہ انڈونیشیا سے کئی کلیدی شعبوں میں اشتراک کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ بھارت اور انڈونیشیا کے مابین رشتوں کو نئی بلندیوں تک پہنچانے میں مدد ملے گی۔

موسم:

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت33.2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت19.6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23.4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 27 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر45منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبرونکا یہ بلیٹن ختم ہوا۔